**AQF / Tausif**

**15-01-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں دولت مشترکہ ملکوں کے اسپیکرس اور پریزائڈنگ افسروں کی 28 ویں کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔

☆ مہاراشٹر میں 29 میونسپل کارپوریشنوں کیلئے پولنگ شروع ہوگئی ہے۔

☆ 78 ویں آرمی ڈے پریڈ آج صبح جے پور میں ہونے والی ہے۔

☆ امریکہ 75 ملکوں کیلئے ایمیگرینٹ ویزا کے عمل کو معطل کرے گا، جس میں پاکستان اور بنگلہ دیش بھی شامل ہیں۔

☆ دنیا بھر میں تمل برادری کے لوگ فصل کی کٹائی کا تہوار پونگل منارہے ہیں۔

☆ اور، مردوں کی کرکٹ میں نیوزی لینڈ نے دوسرے ایک روزہ میچ میں بھارت کو 7 وکٹ سے ہراکر تین میچوں کی سیریز میں ایک-ایک سے برابری حاصل کرلی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-CSPOC

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں دولت مشترکہ ملکوں کے اسپیکرس اور پریزائڈنگ افسروں کی 28 ویں کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کانفرنس کی صدارت کریں گے۔ مختلف موجودہ پارلیمانی معاملات پر وسیع تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ اِن میں مضبوط جمہوری اداروں کو برقرار رکھنے میں اسپیکرس اور پریزائڈنگ افسروں کا رول بھی شامل ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

**VC Anupam Mishra**

اِس کانفرنس کی صدارت لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کریں گے اور اِس میں دنیا کے مختلف حصوں کے 42 دولت مشترکہ ممالک اور چار نیم خود مختار پارلیمنٹس کے 61 اسپیکرز اور پریزائیڈنگ افسران شرکت کریں گے۔ کانفرنس میں وسیع تر عصری پارلیمانی امور پر غور و خوض کیا جائیگا، جن میں مضبوط جمہوری اداروں کو برقرار رکھنے، پارلیمانی کام کاج میں مصنوعی ذہانت کے استعمال، ارکانِ پارلیمنٹ پر سوشل میڈیا پوسٹ کے اثرات، پارلیمنٹ کے تعلق سے لوگوں کی سمجھ بوجھ میں اضافہ کرنے کیلیے، اختراعی حکمت عملی اور ووٹنگ سے الگ شہریوں کی شراکت وغیرہ کے تعلق سے اسپیکرز اور پریزائیڈنگ افسران کے رول شامل ہیں۔

انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں فہیم احمد

Birla CSPOC

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کل دلّی میں لال قلعہ پر دولت مشترکہ ملکوں کے اسپیکرس اور پریزائڈنگ افسروں کی کانفرنس کی قائمہ کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب برلا نے کہا کہ یہ کانفرنس اور زیادہ مضبوط اور زیادہ مؤثر پارلیمانی جمہوریتوں کی حمایت میں مذاکرات، اختراع اور اشتراک کو آگے بڑھانے کے ایک کلیدی عالمی وسیلے کے طور پر کام کرے گی۔

یہ قائمہ کمیٹی دولت مشترکہ ملکوں کے اسپیکرس اور پریزائڈنگ افسروں کی کانفرنس کی سرگرمیوں کی نگرانی کرتی ہے۔ یہ کمیٹی 15 اَرکان پر مشتمل ہے اور پانچ اَرکان ایک کورَم تشکیل دیتے ہیں۔ 28 ویں کانفرنس کے صدر نشیں کی حیثیت سے لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کانفرنس کی قائمہ کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی۔×

PM- OPED

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ کاشی-تمل سنگم منفرد شناخت کی عزت افزائی کرتے ہوئے بھارت کی کئی روایات کے جیتے جاگتے اتحاد کا جشن ہے۔ آج کئی اخباروں میں شائع ہونے والے ایک OPED مضمون میں جناب مودی نے کہا کہ اِس طرح کے سنگم کی میزبانی کیلئے کاشی سے بہتر کیا مقام ہوسکتا ہے۔

وزیراعظم نے تحریر کیا ہے کہ تمل لوگوں اور وہاں کی ثقافت کے ساتھ کاشی کا رشتہ بہت گہرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کاشی ہی ہے، جہاں بابا وشوناتھ براجمان ہیں، جبکہ تمل ناڈو میں رامیشورم ہیں۔

اِس سے پہلے وزیراعظم نے زور دے کر یہ بات کہی تھی کہ پونگل جیسے تہواروں سے ایک بھارت-شریشٹھ بھارت کا جذبہ مستحکم ہوتا ہے۔

جناب مودی نے نئی دلّی میں اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن کی رہائش گاہ پر منعقدہ پونگل تقریبات میں اظہار خیال کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

**S/B 0815 PM- Tamil Sangamam**

Maha Polling

مہاراشٹر میں 29 میونسپل کارپوریشنوں کیلئے پولنگ شروع ہوگئی ہے۔ 893 وارڈس میں دو ہزار 869 سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ پولنگ صبح ساڑھے سات بجے شروع ہوئی اور شام ساڑھے پانچ بجے ختم ہوجائے گی۔
پیش ہے ایک رپورٹ۔

**V-C Prarthana**

*مہاراشٹر میں بلدیاتی اداروں کے چناؤ میں تین کروڑ 48 لاکھ سے زیادہ ووٹرس حق رائے دہی کا استعمال کرسکیں گے۔ چناؤعمل کیلئے تقریباً 44 ہزار کنٹرول یونٹس اور لگ بھگ 88 ہزار بیلٹ یونٹس کا بندوبست کیا گیا ہے۔تقریباً دو لاکھ افسروں اور ملازمین کو چناؤ ڈیوٹی پر متعین کیا گیا ہے۔ ووٹنگ میں سہولت کیلئے مہاراشٹر سرکار نے میونسپل کارپوریشن علاقوں میں سبھی دفاتر کیلئے آج چھٹی کا اعلان کیا ہے۔ خاص طور پر حساس مانے جانے والے پولنگ بوتھوں پر سکیورٹی سخت کی گئی ہے۔ بلدیاتی چناؤ کے ووٹوں کی گنتی کل کی جائے گی۔*

*ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

Jaipur-Army DayParade

78 ویں آرمی ڈے پریڈ، آج صبح جے پور میں ہونے والی ہے۔جگت پورہ میں Mahal روڈ پر فوج ہزاروں لوگوں کے سامنے اپنے ڈسپلن، قوت اور جدید طرز کی فوجی صلاحیت کا مظاہرہ کرے گی، جہاں عظیم الشان پروگرام 10 بجے کے آس پاس شروع ہوگا۔

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ، راجستھان کے وزیراعلیٰ بھجن لال شرما اور فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دِویدی بھی پریڈ کی اس تقریب میں شرکت کریں گے۔ اس کیلئے سکیورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے ہیں۔ اس سال کی تقریبات خاص اہمیت کی حامل ہیں، کیونکہ پہلی مرتبہ آرمی ڈے پریڈ روایتی چھاؤنی علاقے سے باہر ہورہی ہے۔

اس طرح عوام بھارت کے فوجی وِرثے اور کارروائی سے متعلق صلاحیت اور کارکردگی کا براہ راست مشاہدہ کرسکیں گے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

**V-C Jitendra**

*یہ تقریب لوگوں کو فوج کی روایات، ڈسپلن اور اُس کی لگاتار اُبھرتی ہوئی صلاحیت کا مشاہدہ کرنے کا منفرد موقع فراہم کرتی ہے۔ اِس پریڈ میں بھارتی فوج کی تکنیک پر مبنی قوت کی عکاسی بھی کی جائے گی، جس کی مقابلہ کرنے کی اہمیت لگاتار بڑھ رہی ہے۔ اِس میں جدید طرز کی ٹیکنالوجی، میدان جنگ سے وابستہ اختراعات اور بھارتی فوجیوں کے پختہ عزم، دلیری اور ڈسپلن کا امتزاج پیش کیا جائے گا۔ بڑی تعداد میں طلباء سمیت لوگ اِس تاریخی تقریب کو دیکھنے کیلئے صبح سویرے سے Mahal روڈ پر پہنچ رہے ہیں۔ پریڈ کے خوش اسلوبی کے ساتھ انعقاد کیلئے پورے شہر میں خصوصی ٹریفک اور سکیورٹی انتظامات کئے گئے ہیں۔*

جے پور سے جیتندر دویدی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں نرگس علیم

Air India - Iran Flights

ایئر انڈیا نے ایران کی بدلتی صورتحال اور اُس کے فضائی حدود بند ہونے کے تناظر میں کہا ہے کہ خطے کے اوپر سے پرواز کرنے والی اُڑانیں متبادل راستوں کا استعمال کررہی ہیں، جس کی وجہ سے تاخیر ہوسکتی ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں ایئر انڈیا نے اطلاع دی ہے کہ مسافروں کی سلامتی کے مدِّ نظر وہ پروازیں منسوخ کردی گئی ہیں، جنہیں متبادل راستوں سے گزارنا فی الحال ممکن نہیں تھا۔ ایئر انڈیا نے مسافروں سے درخواست کی ہے کہ وہ ہوائی اڈے کیلئے روانہ ہونے سے قبل، ایئر انڈیا کی ویب سائٹ پر اپنی پروازوں کی تازہ صورتحال معلوم کرلیں۔×

Jaishankar - Iran

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کو اُن کے ایرانی ہم منصب سید عباس اراگچی کی جانب سے فون کال موصول ہوئی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے سوشل میڈیا پوسٹ پر بتایا کہ دونوں فریقوں نے ایران اور اُس کے اطراف بدلتی ہوئی صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا۔×

Iran Protests

ناروے میں مقیم انسانی حقوق سے متعلق ایران کی این جی او IHR نے کہا ہے کہ ایران میں مظاہرین پر کارروائی کے دوران، اب تک کم از کم 3 ہزار 428 مظاہرین مارے گئے ہیں اور 10 ہزار سے زیادہ مظاہرین کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ 8 جنوری سے 12 جنوری کے درمیان، جب مظاہرے اپنی شدت پر تھے تب تقریباً 3 ہزار 379 اموات ہوئی ہیں۔ امریکہ میں مقیم انسانی حقوق سے متعلق کارکنوں کی نیوز ایجنسی نے خبر دی ہے کہ مرنے والوں کی تعداد کم از کم 2 ہزار 571 ہے۔ ایران کے سرکاری ٹیلی ویژن نے کسی مخصوص تعداد کا ذکر نہ کرتے ہوئے اِس بات کو تسلیم کیا ہے کہ ملک میں کئی لوگ شہید ہوئے ہیں۔×

US - Visa Ban

امریکہ نے اعلان کیا ہے کہ وہ پاکستان اور بنگلہ دیش سمیت 75 ملکوں کے تارکین وطن کے امیگرینٹ ویزے کی کارروائی پر روک لگادے گا۔ امریکی محکمۂ خارجہ نے کہا کہ اِن ممالک کے تارکین وطن، ناقابل قبول طریقے سے امریکی لوگوں سے فلاح و بہبود حاصل کررہے ہیں اور یہ اپنی امریکہ آمد پر کئی مرتبہ حکومت کی ذمہ داری بن جاتے ہیں۔ امیگرینٹ ویزا کی کارروائی پر روک تب تک جاری رہے گی، جب تک امریکہ اِس بات کو یقینی نہیں بنا لیتا کے نئے تارکین وطن سے امریکہ کے لوگوں کی دولت محفوظ رہے۔

یہ فیصلہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اُس بیان کے بعد ہوا ہے، جس میں انہوں نے کہا تھا کہ کوئی بھی ملک لاکھوں لوگوں کو پناہ نہیں دے سکتا اور اُن کی تعلیم اور صحت دیکھ بھال پر خرچ نہیں کرسکتا۔

جناب ٹرمپ نے مزید کہا کہ اُن کی انتظامیہ اگلے مہینے کی 1 تاریخ سے **Sanctury** شہروں کیلئے کسی طرح کی ادائیگیاں نہیں کرے گی۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Prez - Punjab Rajasthan

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے پنجاب اور راجستھان کے دو روزہ دورے پر رہیں گی۔ صدر جمہوریہ، آج امرتسر کی گرو نانک دیو یونیورسٹی کے **50** ویں سالانہ جلسۂ تقسیم اسناد میں شرکت کریں گی۔ صدر جمہوریہ کل جالندھر میں ڈاکٹر بی آر امبیڈکر نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کے **21** ویں جلسۂ تقسیم اسناد میں بھی شریک ہوں گی۔ اِسی دن صدر جمہوریہ جے پور میں راما نندمشن کی جانب سے منعقد کیے جانے والے ایک ہزار **8** کُنڈیہ ہنومان مہایگیہ میں بھی حصہ لیں گی۔×

IRCTC-SCAM Case

دلّی ہائی کورٹ نے **IRCTC** گھپلہ کیس میں **RJD** کے سربراہ لالو پرساد یادو اور اُن کے بیٹے تیجسوی یادو کے خلاف جاری مقدمے کی کارروائی پر روک لگانے سے انکار کردیا ہے۔ جسٹس سورَن کانتا شرما کی ایک بینچ نے کہا کہ مقدمے کی کارروائی جاری رہے گی، جبکہ گواہوں سے جرح اگلے دو ہفتے کے دوران کی جاسکتی ہے۔ امید ہے کہ اُس وقت تک عدالت لالو پرساد اور اُن کے بیٹے کی داخل کردہ درخواستوں پر فیصلہ کرلے گی، جن میں الزامات طے کئے جانے کو چیلنج کیا گیا ہے۔×

Rev, TN Pongal

دنیا بھر میں تمل بولنے والے افراد فصل کی کٹائی کا تہوار پونگل منا رہے ہیں۔ پونگل کا تہوار، تمل کیلنڈر میں موسم بَہار کی شروعات کی علامت ہے۔ یہ مہینہ تمل برادری کے لوگوں کی زندگیوں میں نئے آغاز کی عکاسی کرتا ہے۔ اِسے شادیوں اور کاروبار کیلئے مقدس سمجھا جاتا ہے۔ اِس دن فصل سے حاصل پیداوار سورج کو پیش کی جاتی ہے، جو زراعت میں مدد کرتا ہے۔ لوگ اپنے افراد خاندان اور رشتے داروں کے ساتھ پونگل کا تہوار منانے کیلئے آبائی مقامات کا سفر کرتے ہیں۔ تمل ناڈو حکومت، پونگل کے موقع پر ریاستی راجدھانی چنئی سے ریاست کے مختلف حصوں میں خصوصی بسیں چلا رہی ہے۔ لاکھوں لوگوں نے بس، ریل اور فضائی سفر کیلئے ٹکٹ بک کیے ہیں۔ ریاستی حکومت نے راشن کارڈ رکھنے والوں کو پونگل کے تحفے کے طور پر گنّے کے ساتھ ساتھ **3** ہزار روپے بھی دیے۔×

UP-Makar Sankaranti

اترپردیش میں آج مکرسکرانتی منائی جارہی ہے۔ شدید سردی کے باوجود عقیدتمند پوِتر دریاؤں میں ڈُبکی لگارہے ہیں۔

عقیدتمندوں نے سادھو سنتوں کے ساتھ کل شام سے پوتر دریاؤں کے گھاٹوں پر جمع ہونا شروع کردیا تھا۔
تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

**V-C Sushil Tiwari**

ڈیڑھ ماہ طویل ماگھ میلے کا یہ دوسرا اہم اَشنان ہے۔ یہ ماگھ میلہ گنگا، جمنا اور سرسوتی کے سنگم کے کنارے پر ہورہا ہے۔ صبح سویرے سے لاکھوں عقیدتمند سنگم میں ڈُبکی لگارہے ہیں اور پوجا اَرچنا کررہے ہیں۔ ماگھ میلہ انتظامیہ، ریلوے اور ریاست کے ٹرانسپورٹ محکمے نے یاتریوں کی سہولت کیلئے وسیع انتظامات کیئے ہیں۔ ماگھ میلے میں گنگا میں پانی کی دستیابی کو یقینی بنانے کی خاطر کانپور کے گنگا بیراج سے روزانہ 8 ہزار کیوزِک پانی چھوڑا جارہا ہے۔ ماگھ میلہ علاقے میں آج کئی خصوصی پروگرام ہورہے ہیں۔ ریاست کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے گورکھپور میں گھورکھ ناتھ مٹھ میں خصوصی پوجا کی اور کھچڑی پرساد پیش کیا، جس کے بعد مشہور کھچڑی میلہ شروع ہوگیا۔
لکھنؤ سے سشیل چندر تیوار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں......

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے دلّی، ہریانہ، چندی گڑھ، پنجاب، اتراکھنڈ اور مغربی اتر پردیش میں آج گھنے کہرے سے متعلق اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمۂ موسمیات نے ہماچل پردیش، بہار، مشرقی اتر پردیش، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، جموں و کشمیر، لداخ، آسام، میگھالیہ اور سکم کے مختلف مقامات پر اگلے دو دن کے دوران گھنے کہرے کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے مزید کہا کہ دلّی، ہریانہ، پنجاب، راجستھان، اتراکھنڈ، ہماچل پردیش، جھارکھنڈ، اُڈیشہ اور چھتیس گڑھ میں آج سرد لہر کے حالات برقرار رہیں گے۔×

Cricket ODI

مردوں کے کرکٹ میں تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کے دوسرے میچ میں نیوزی لینڈ نے بھارت کو سات وکٹ سے ہرا دیا۔ راجکوٹ کے نرجن شاہ اسٹیڈیم میں کل شام کھیلے گئے میچ میں جیت کے ساتھ ہی نیوزی لینڈ نے سیریز 1-1 سے برابر کرلی ہے۔ بھارت کی جانب سے دیے گئے 285 رن کے نشانے کیلئے کھیلتے ہوئے نیوزی لینڈ نے 47 اوورز اور 3 گیندوں میں یہ ہدف حاصل کرلیا۔ اِس میں ڈیرل مِشیل کے ناٹ آؤٹ 131 رن کی بہترین اننگز شامل ہے۔ ڈیرل مِشیل کو پلییَر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ مشیل کے علاوہ، **Will Young** نے 87 رن کی اننگز کھیلتے ہوئے مشیل کے ساتھ مل کر تیسرے وکٹ کیلئے 162 رن جوڑے۔ سیریز میں برقرار رہنے کیلئے نیوزی لینڈ کیلئے یہ میچ جیتنا ضروری تھا۔
بھارت کی جانب سے ہرشِت رانا، کُلدیپ یادو اور پرسدھ کرشنا نے ایک-ایک وکٹ لیے، تاہم وہ نیوزی لینڈ کو بھارت کی جانب سے دیے گئے بڑے ہدف تک پہنچنے سے روکنے میں ناکام رہے۔×

Cricket WPL

خواتین کرکٹ کے وومینس پریمیئر لیگ WPL میں کل رات نوی ممبئی کے ڈاکٹر ڈی وائی پاٹل اسٹیڈیم میں کھیلے گئے دلچسپ مقابلے میں دلّی کیپٹلز نے UP واریئرز کو 7 وکٹ سے ہرا دیا۔ دلّی کیپٹلز نے ڈرامائی انداز میں 155 رن کے نشانے کو حاصل کیا۔ اِس سے پہلے، دلّی کیپٹلز کی کپتان Rodriguez نے ٹاس جیتا اور پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا، جس کے بعد وہ UP واریئرز کو مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹ کے نقصان پر 154 رن تک محدود کرنے میں کامیاب رہے۔ جواب میں دلّی کیپٹلز نے تین وکٹ کے نقصان پر 158 رن بناکر یہ نشانہ حاصل کرلیا۔ دلّی کیپٹلز کی جانب سے Lizelle Lee نے سب سے زیادہ 67 رن بنائے۔

WPL میں آج نوی ممبئی میں ممبئی انڈینس کا مقابلہ UP واریئرز سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: فہیم احمد
شکریہ - ضمیر

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

اخبار پرتاپ کی شہ سرخی ہے ''ایران میں مقیم بھارتیوں کو ملک چھوڑنے کی بھارت سرکار کی صلاح'' اِس اخبار نے فصلوں کے مختلف تہواروں پر لوگوں کو وزیر اعظم کی مبارکباد کی خبر کو سرخی بنایا ہے۔

ہندوستان ایکسپریس نے مہاراشٹر میں میونسپل انتخابات سے متعلق خبر کو اہمیت دیتے ہوئے لکھا ہے ''مہاراشٹر میں میونسپل انتخابات کیلئے سخت حفاظتی انتظامات۔''

امریکہ میں 75 ممالک کے شہریوں پر پابندی۔ انقلاب نے اِس خبر کو صفحۂ اول پر جگہ دی ہے۔

اخبارات نے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے درمیان ٹیلی فون پر ہوئی بات چیت کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

اخبارات نے تھائی لینڈ میں چلتی ٹرین پر کرین گرنے سے 29 افراد کی ہلاکت کی خبر کو بھی نمایاں کیا ہے۔

اخبارات کی دیگر اہم بین الاقوامی خبریں کچھ اِس طرح ہیں :

- ☆ روس نے وینیزویلا اور ایران کے تعلق سے امریکہ کے اقدام کو عالمی نظام کیلئے خطرہ قرار دیا۔
- ☆ ایران کے خلاف پابندیاں عائد کرنے کیلئے برطانیہ قانون لائے گا۔
- ☆ گوتریس کی اسرائیل کو عالمی عدالت میں لے جانے کی دھمکی۔
- ☆ غزہ میں جنگ بندی کے باوجود تین مہینے میں 100 سے زائد بچوں کی موت۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں دولت مشترکہ ملکوں کے اسپیکرس اور پریزائڈنگ افسروں کی 28 ویں کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔

☆ مہاراشٹر میں 29 میونسپل کارپوریشنوں کیلئے پولنگ شروع ہوگئی ہے۔

☆ 78 ویں آرمی ڈے پریڈ آج صبح جے پور میں ہونے والی ہے۔

☆ امریکہ 75 ملکوں کیلئے ایمیگرینٹ ویزا کے عمل کو معطل کرے گا، جس میں پاکستان اور بنگلہ دیش بھی شامل ہیں۔

☆ دنیا بھر میں تمل برادری کے لوگ فصل کی کٹائی کا تہوار پونگل منارہے ہیں۔

☆ اور، مردوں کی کرکٹ میں نیوزی لینڈ نے دوسرے ایک روزہ میچ میں بھارت کو 7 وکٹ سے ہراکر تین میچوں کی سیریز میں ایک-ایک سے برابری حاصل کرلی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---